نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِصدارت گندم کی کاشت سے متعلق زراعت ہاؤس لاہور میں ڈویژنل جائزہ اجلاس کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب کے گندم کی زیادہ کاشت کے مثالی انعامی پیکج سے متعلق کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کی جائے۔گندم کی کاشت کے ہدف کا حصول کیلئے تمام وسائل وذرائع بروئے کارلائے جائیں۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:13نومبر2024(   ) صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت زراعت ہاؤس لاہور میں گندم کی کاشت سے متعلق ڈویژنل سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخارعلی سہوسمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں صوبے بھر میں گندم کی کاشت کے اہداف اور مختلف ڈویژنوں میں ان کے حصول کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ پنجاب میں گندم کی کاشت کے لیے 1 کروڑ65لاکھ ایکڑ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے،جس کے تحت اب تک صوبہ بھر میں 70لاکھ 91ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت مکمل ہوچکی ہے۔اجلاس کے دوران سرگودھا،ساہیوال، ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور ڈویژنوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ پیش کرتے ہوئے بتایا گیا کہ سرگودھا ڈویژن کا ہدف 17لاکھ 40ہزار ایکڑ مقرر ہے جس میں سے اب تک 6لاکھ 33ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی جا چکی ہے، جبکہ ساہیوال میں 9لاکھ 20ہزار ایکڑ رقبہ کے ہدف کے مقابلے میں 4لاکھ 16ہزار ایکڑ پر کاشت مکمل ہوئی ہے۔ملتان ڈویژن میں 18لاکھ 20ہزار ایکڑ کے ہدف کے مقابلے میں 6لاکھ 30ہزار ایکڑ، ڈی جی خان میں 22لاکھ 94ہزار ایکڑ کے ہدف کے مقابلے میں 11لاکھ 41ہزار ایکڑ اور بہاولپور ڈویژن میں 26لاکھ 11ہزار ایکڑ ہدف کے مقابلے میں 8لاکھ 28ہزار ایکڑ رقبہ پر کاشت مکمل ہوچکی ہے۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ حکومت پنجاب گندم کی کاشت اور پیداوار میں اضافے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے کاشتکاروں کے لیے اربوں روپے کے خصوصی پیکج کا اعلان کیا گیا ہے جس کا مقصد کسانوں کو جدید زرعی سہولتیں فراہم کرنا اور انہیں ہر ممکن سہارا دینا ہے۔گندم کی 25ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کے لیے 1000 ٹریکٹرز اور 12.5 سے 25ایکڑ کے کاشتکاروں کے لیے 1000 لیزر لینڈ لیولرز بذریعہ قرعہ اندازی فراہم کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب کے اس خصوصی پیکج سے متعلق کاشتکاروں کو بھرپور آگاہی فراہم کی جائے۔اس کے علاوہ وزیراعلیٰ پنجاب کی واضح ہدایت ہے کہ سرکاری رقبوں پر لازماً گندم کاشت کی جائے۔امسال 1 سے 12.5 ایکڑ تک گندم کاشت کرنے والے کسانوں کے لیے بلاسود قرض کی سہولت کسان کارڈ کے ذریعے دی جارہی ہے تاکہ زرعی مداخل کی خریداری میں مدد مل سکے۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے گندم کی کاشت سے متعلق میگا فارمر گیدرنگ کے موقع پر منتخب قومی نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کے افسران کو مدعو کرنے کی ہدایت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے کہا کہ گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے صوبائی اور ڈویژنل سطح پر گندم کے پیداوار کے مقابلے بھی منعقد کیے جائیں گے۔گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے فیلڈ سرگرمیوں میں بھی مزید تیزی لائی جائے۔امسال گندم کی کاشت کیلئے منظور شدہ بیج کی قیمت گزشتہ سال کی نسبت قریباً 2ہزار روپے کم ہے۔اس کے علاوہ کھادیں کنٹرول ریٹ پر وافر مقدار میں دستیاب ہیں جس سے کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان اور ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں اور ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ سرگودھا، ساہیوال، ڈی جی خان، ملتان اور بہاولپور کے ڈائریکٹرز زراعت توسیع آن لائن شریک ہوئے

☆☆☆☆